سوال

(531) بھائی بہنوں کو محروم نہیں کرسکتا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک بزرگ انتقال فرما کر چار لڑکیاں ایک لڑکا چھوڑ گیا۔ اب کل ملک پر لڑکا قبضہ کئے ہوئے ہے۔ التماس یہ ہے کہ میراث میں لڑکا اور لڑکیاں کتنے حصے کے حقدار ہیں؟ (شکر اللہ بنگلور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بھائی بہنوں کو محروم نہیں کرسکتا۔ وہ بھی حصہ دار ہیں۔ کل جائداد کے 6 حصے کرکے بھائی کو 2 حصے چاروں بہنوں کو ایک ایک حصہ ملے گا۔ بحکم قران مجید: وِللذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ۱۱ سورة النساء

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری](#)

جلد 2 ص 493

محدث فتویٰ